ONE NATION ONE PASSION

DOMESTIC CRICKET SEASON 2021-22

# قائداعظم ٹرافی کا ڈے اینڈ نائٹ فائنل 25 دسمبر سے شروع ہو گا

- دفاعی چیمپئن خیبر پختونخوااور ناردرن کی ٹیمیں نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں مدمقابل آئیں گی
- فاتح ٹیم کو ٹرافی سمیت ایک کروڑ جبکہ رنرزاپ کو پچاس لاکھ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی
- پانچ روزہ میچ پی ٹی وی اسپورٹس اور پی سی بی کے آفیشل یوٹیوب چینل پر براہ راست نشر کیا جائے گا

**کراچی،24 دسمبر 2021ء:**

پاکستان کے سب سے پریمیئر کرکٹ ٹورنامنٹ، قائداعظم ٹرافی کا ڈے اینڈ نائٹ فائنل 25 دسمبر بروز ہفتے سے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جائے گا۔ پنک بال سے کھیلے جانے والے ٹورنامنٹ کے فائنل میں دفاعی چیمپئن خیبر پختونخوااور ناردرن کی ٹیمیں مدمقابل آئیں گی۔

ناردرن نے ایونٹ کے دس راؤنڈ میچز میں چار فتوحات اور چار میچز ڈرا کر کے 132 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس دوران اسے صرف دو میچز میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ پوائنٹس ٹیبل پر دوسری پوزیشن پر موجود خیبر پختونخوا کی ٹیم کے پوائنٹس کی تعداد 150 ہے۔ اس دوران انہیں چار میچز میں فتح اور ایک میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ دفاعی چیمپئن کے پانچ راؤنڈ میچز ڈرا پر ختم ہوئے ۔

قائداعظم ٹرافی کی فاتح ٹیم کو ٹرافی سمیت ایک کروڑ جبکہ رنرزاپ کو پچاس لاکھ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی۔ پانچ روزہ میچ پی ٹی وی اسپورٹس اور پی سی بی یوٹیوب چینل پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔

**نعمان علی، کپتان ناردرن:**

کپتان نعمان علی کا کہنا ہے کہ ناردرن نے ایونٹ کے راؤنڈ میچز میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا، خصوصاً اختتامی راؤنڈز میں نوجوان کھلاڑیوں کی کارکردگی انتہائی متاثر کن رہی۔ انہوں نے کہا کہ پنک بال سے ایونٹ کا فائنل کھیلنا ایک مختلف چیلنج ہوگا، جس سے وہ نبرد آزما ہونے کے لیے تیار ہیں۔

**افتخار احمد، کپتان خیبر پختونخوا:**

خیبر پختونخوا کے کپتان افتخار احمد کا کہنا ہے کہ گزشتہ دو سالوں کے مقابلے میں رواں سال ایونٹ قدرے زیادہ مسابقتی رہا۔ وہ ایونٹ میں خیبر پختونخواہ کی کارکردگی سے مطمئن ہیں اور انہیں یقین ہے کہ ان کی ٹیم ٹائٹل کا کامیابی سے دفاع کرنے میں کامیاب رہے گی۔

**ٹاپ پرفارمرز:**

خیبر پختونخوا کے صاحبزادہ فرحان فی الحال 924 رنزبناکر ٹورنامنٹ کے ٹاپ اسکورر ہیں۔ وہ اب تک تین سنچریاں اور پانچ نصف سنچریاں اسکور کرچکے ہیں جبکہ اس دوران ان کے رنز بنانے کی اوسط 57.75 رہی ہے۔

دوسری جانب ناردرن کے 19 سالہ بیٹر محمد حریرہ بھی تین سنچریاں اور تین نصف سنچریاں بناکر ٹورنامنٹ میں 878 رنز بنا چکے ہیں۔ انہوں نے ایونٹ کے دسویں راؤنڈ میں بلوچستان کے خلاف 313 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی تھی۔

باؤلنگ میں خیبر پختونخوا کے ثمین گل 29 اور ناردرن کے مبصر خان 25 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھا چکے ہیں تاہم اس فہرست میں پہلا نام سدرن پنجاب کے علی عثمان کا ہے جو 43 وکٹیں حاصل کرکے سرفہرست ہیں۔

**انعامی رقم:**

فاتح: ایک کروڑ روپے

رنرزاپ: پچاس لاکھ روپے

بہترین بیٹر: پانچ لاکھ روپے

بہترین باؤلر: پانچ لاکھ روپے

بہترین وکٹ کیپر: پانچ لاکھ روپے

پلیئر آف دی ٹورنامنٹ: پانچ لاکھ روپے

پلیئر آف دی فائنل: پچاس ہزار روپے

**میچ آفیشلز:**

آن فیلڈ امپائرز: آصف یعقوب اور فیصل آفریدی

ٹی وی امپائر: راشد ریاض

ریزرو امپائر: امتیاز اقبال

میچ ریفری: ندیم ارشد

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk


**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having

perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

